

# ہیلو پڑوسی:
# محفوظ تر گھروں
# اور کمیونٹی
# کے لیے ایک رہنماء کتابچہ

COMMUNITY SAFETY
& WELL-BEING

BRAMPTON

Urdu



## تعارف

ہیلو پڑوسی: محفوظ گھروں اور کمیونٹی کے لیے ایک رہنماء کتابچہ ایک محفوظ تر اور زیادہ مربوط برامپٹن تخلیق کرتے ہوئے آپ کو اپنے گھر اور املاک کا تحفظ کرنے کے لیے عملی مشورے فراہم کرتا ہے۔ اس رہنماء کتابچے میں موجود خیالات کرائم پریوینشن تھرو انوائرنمنٹل ڈیزائن (CPTED) کی پہلی اور دوسری نسل کے اصولوں سے ترتیب دیے گئے ہیں، جو اس بات پر زور دیتے ہیں کہ اچھی طرح ڈیزائن کردہ اور اچھی طرح دیکھ بھال کردہ جگہیں ایک مشغول و مربوط کمیونٹی کے ساتھ مل کر جرائم کو روکنے میں مدد دے سکتے ہیں اور حفاظت اور بہبود کے ایک احساس کو ممکن بناتے ہیں۔

حفاظت روزمرہ کے عام سادے افعال سے شروع ہوتی ہے، جیسا کہ اپنے گھر کی سیکورٹی کو بہتر بنانا، مشترکہ جگہوں کی دیکھ بھال کرنا اور اپنے اردگرد موجود لوگوں کا خیال رکھنا۔ جب رہائشی اپنے علاقوں کے حوالے سے فخر اور تعلق کا ایک احساس محسوس کرتے ہیں، تو یہ سب کے لیے ایک زیادہ خوش آمد کن اور مربوط ماحول بناتا ہے۔

یہ رہنماء کتابچہ سٹی آف برامپٹن کے کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان کا حصہ ہے۔ یہ سماجی ترقی اور روک تھام کو ترجیح دینے والے ایک طریقہ کار کی حمایت کرتا ہے، جو اونٹاریو کے کمیونٹی کی سلامتی اور بہبود کے فریم ورک سے مطابقت رکھتا ہے اور رہائشیوں کو املاک سے متعلقہ جرائم سے نمٹنے اور مزید مربوط و مضبوط کمیونٹیاں بنانے کے لیے ٹولز فراہم کرتا ہے۔

## مقصد

کمیونٹی کی حفاظت کو ہمارے اردگرد کا مادی ماحول اور ہمارے بنائے گئے تعلقات، دونوں شکل دیتے ہیں۔ یہ رہنماء کتابچہ درجذیل چیزوں میں آپ کی مدد کے لیے عملی مشورے اور خیالات پیش کرتا ہے:

- اپنے گھر اور املاک کی حفاظت کو مضبوط بنانا۔
- اپنے پڑوسیوں کے ساتھ تعلقات بنانا۔
- عوامی حگہوں کے باقاعدہ اور مثبت استعمال کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- ذمہ داری اور کمیونٹی کے فخر کے ایک مشترکہ احساس میں کردار ادا کرنا۔
- دیکھ بھال، رابطے اور روزمرہ کے افعال کے ذریعے ایک محفوظ تر اور زیادہ متنوع علاقے کو ممکن بنانا۔

آیا آپ ایک گھریلو مالک، کرایہ دار، پراپرٹی منیجر یا کمیونٹی رہنماء ہوں، یہ رہنماء کتابچہ آپ کو اپنے علاقے میں حفاظت اور رابطوں کو مضبوط بنانے کے عملی طریقے فراہم کرتی ہے۔

پیل ریجنل پولیس سٹی آف برامپٹن کے جرائم کی روک تھام کے نئے وسیلے، ہیلو پڑوسی: محفوظ تر گھروں اور کمیونٹی کے لیے ایک رہنماء کو معاونت فراہم کرنے پر فخر محسوس کرتی ہے۔ یہ رہنماء رہائشیوں کو اپنے گھروں کا تحفظ کرنے اور کمیونٹی کی سلامتی کو مضبوط بنانے میں مدد دینے کے لیے عملی حکمت عملیوں اور معلومات کی پیشکش کرتی ہے۔

ہم سٹی کی آف برامپٹن کو سراہتے ہیں کہ انہوں نے ایک فعال طریقہ کار اپنایا اور رہائشیوں کو اپنے گھروں، املاک اور علاقوں کا تحفظ کرنے کے لیے واضح، قابل عمل اقدامات کے ساتھ لیس کیا۔ جرائم کی روک تھام اس وقت سب سے زیادہ مؤثر ہوتی ہے، جب اس میں کمیونٹیوں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور بلدیاتی شراکت داروں کے درمیان اشتراک شامل ہو اور یہ قدم ان شراکت داریوں کے زیر عمل ہونے کی ایک مثال ہے۔

ہم تمام رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اس رہنماء کو ملاحظہ کریں، اس کی حکمت عملیوں کو زیر استعمال لائیں اور ایک محفوظ تر اور مضبوط تر کمیونٹیاں بنانے میں ہمارے ساتھ شامل ہوں۔

پیل ریجنل پولی



# علاقے کی حفاظت کو ممکن بنانے کے لیے آپ کا گھر اور کمیونٹی مل کر کیسے کام کرتے ہیں

اپنے گھر اور علاقے کو محفوظ تر بنانے کے کئی طریقے ہیں۔ کچھ حکمت عملیاں اپنی املاک پر چھوٹی مادی تبدیلیوں پر مرکوز ہوتی ہیں، جبکہ دیگر تعلقات بنانے، مشترکہ جگہوں کا خیال رکھنے اور رابطے اور تعلق کا ایک احساس فروغ دینے کی قدر کو نمایاں کرتی ہیں۔

یہ رہنماء کتابچہ ان دو طریقہ ہائے کار کے مطابق منظم کردہ ہے: اپنے گھر اور اردگرد کی جگہ میں عملی بہتریاں لانا اور اپنے اردگرد لوگوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانا۔ ایک ساتھ مل کر، یہ خیالات جرائم کے لیے مواقع ہو کم کرنے، اپنے علاقے کے لیے فخر اور خیال کو فروغ دینے اور ہر شخص کے لیے ایک زیادہ خوش آمدید کن ماحول بنانے میں مدد دے سکتے ہیں۔

ذیل میں ان کلیدی خیالات کا ایک خلاصہ ہے، جو آپ کو اس پورے رہنماء کتابچے میں ملیں گے، بمعہ انہیں روزمرہ کی زندگی میں لاگو کرنے کے طریقے کی مثالیں۔

| یہ کس بارے میں ہے | اس کا کیا مطلب ہے | اس پر عمل کیسے کیا جائے |
|---|---|---|
| دیکھیں اور دیکھے جائیں | نظر کی تمام لائنوں کو خالی رکھیں، مناسب روشنی استعمال کریں اور حد سے زیادہ بڑھے ہوئے پودوں سے گریز کریں، جو چھپنے کی جگہیں بناتے ہوں۔ | آپ حد سے زیادہ بڑھے ہوئے درختوں کی شاخ تراشی کر کے اور دروازوں اور چلنے کے راستوں کے گرد روشنیاں لگا کر دیکھنے کی صلاحیت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ |
| راستوں اور حدود کو صاف کریں | اس چیز کو محدود کریں کہ لوگ آپ کے گھر یا صحن میں بلا اجازت کیسے اور کہاں سے داخل ہو سکیں۔ | اپنی املاک کے کناروں کو باڑوں، جھاڑیوں کی قطار یا راستوں کے ذریعے نشان زدہ کریں۔ داخلی راستوں کو واضح اور اچھی طرح روشن رکھیں اور ممکنہ طور پر دخل اندازی کرنے والے لوگوں کی حوصلہ شکنی کرنے کے لیے جھاڑیوں جیسی قدرتی رکاوٹیں استعمال کریں۔ |
| اپنی دیکھ بھال ظاہر کریں | صاف، اچھی طرح نگہداشت کردہ املاک ایک پیغام بھیجتی ہیں کہ لوگ توجہ دے رہے ہیں، جو غیر مطلوبہ سرگرمی کی حوصلہ شکنی کر سکتا ہے۔ | بیرونی جگہوں کو صاف ستھرا رکھیں، ٹولز اور قیمتی اشیاء کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ رکھیں اور مسائل کو فوراً حل کر دیں۔ |
| ایک ساتھ مضبوط تر | جب لوگ مشترکہ جگہوں پر اکٹھے ہوتے ہیں، تو یہ ایک خوش آمدید کن اور کمیونٹی کا ایک احساس بناتا ہے۔ | پڑوسیوں کو اکٹھا کرنے کے لیے صفائیوں، پاٹ لکس یا گلیوں کی پارٹیوں جیسی تقریبات کا انتظام کریں اور ایک مربوط کمیونٹی بنائیں۔ |
| توازن رکھنا | ایسی جگہیں، جہاں لوگ جمع ہوتے ہیں اور خوش آمدید کردہ محسوس کرتے ہیں، وہ تعلق اور حفاظت کا ایک احساس بنانے میں مدد دیتی ہیں۔ | پارکس، چلنے کے راستوں اور جمع ہونے کی جگہوں کو کثرت سے استعمال کریں اور جب ضرورت ہو، تو بہتری کی تجویز دیں۔ |
| مربوط رہیں | ایسے ہمسائے، جو ایک دوسرے کو جانتے ہیں، ایک دوسرے کا خیال رکھنے کا زیادہ امکان رکھتے ہیں۔ | اپنے ہمسائیوں سے جان پہچان بنائیں، رابطہ معلومات کا تبادلہ کریں یا کسی مقامی گروپ یا نیٹ ورک میں شرکت کریں۔ |
| کمیونٹی کا جشن منائیں | ایک علاقے کے اندر تعلق کا ایک مضبوط احساس لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ اس کی دیکھ بھال اور حفاظت میں ایک فعال کردار ادا کریں۔ | فنون، کہانی گوئی، تقریبات یا مقامی تاریخ کے ذریعے اپنی کمیونٹی کی شناخت کا جشن منائیں۔ |





# حصہ 1: اپنے گھر اور املاک کا تحفظ کرنا

یہ حصہ آپ کو اپنے گھر اور املاک کو محفوظ رکھنے میں مدد دینے کے لیے سادے، عملی مشورے فراہم کرتا ہے۔

چاہے آپ ایک گھر، ٹاؤن ہاؤس، اپارٹمنٹ یا کنڈومینیم میں رہتے ہوں، روزمرہ کے چھوٹے افعال آپ اور آپ کے ہمسائیوں کے لیے ایک محفوظ تر ماحول بنانے میں بڑا فرق لا سکتے ہیں۔

اگرچہ ان مشوروں کا مقصد حفاظت کو بہتر بنانا ہے، ان مشوروں کا نفاذ جرائم یا املاک کو نقصان کی مکمل روک تھام کی ضمانت نہیں دیتا۔ افراد اپنے حالات کے مطابق ضروری اضافی اقدامات لینے کے لیے ذمہ دار ہیں۔

## دیکھیں اور نظر آئیں

اچھی روشنی اور نظر کی صاف لائنیں یہ دیکھنے کو آسان تر بناتی ہیں کہ آپ کی املاک کے اردگرد کیا ہو رہا ہے۔ اپنی املاک کو اچھی طرح روشن رکھنا کسی شخص کے لیے پکڑے جانے کے بغیر قریب آنا مشکل بناتا ہے۔

### آپ اسے لاگو کیسے کر سکتے ہیں:

- داخلی راستوں کے قریب جھاڑیوں اور درختوں کو تراشیں۔
- اپنے گھر کے اردگرد موشن سینسر یا ٹائمر روشنیاں لگائیں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کا پتہ سڑک سے واضح ہو۔
- ٹوٹی ہوئی سٹریٹ لائٹس یا مشترکہ جگہوں کی روشنیوں کی اطلاع دیں۔

| سیلف چیک: | ہاں | نہیں |
| --- | --- | --- |
| کیا چھپنے کی جگہوں سے بچنے کے لیے جھاڑیوں اور درختوں کو تراشا گیا ہے؟ | ☐ | ☐ |
| کیا داخلی راستے اور چلنے کے راستے رات کو اچھی طرح روشن ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ کا گھر یا یونٹ نمبر سڑک سے واضح طور پر نظر آتے ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا مشترکہ یا بیرونی روشنیاں کام کرتی ہیں؟ | ☐ | ☐ |

## راستوں اور حدود کو صاف کریں

کسی کے گھسنے کے مواقع کو کم کرنے کے لیے اس چیز کو کنٹرول کرنا اہم ہے کہ لوگ آپ کے گھر میں کیسے داخل ہو سکتے ہیں۔ دروازوں، کھڑکیوں اور دیگر داخلی راستوں کو محفوظ بنائیں، تاکہ صرف مدعو افراد داخل ہو سکیں۔

### آپ اسے لاگو کیسے کر سکتے ہیں:

- تمام دروازوں اور کھڑکیوں پر لاکس لگائیں اور انہیں باقاعدگی سے چیک کریں۔
- گیراجوں، شیڈز اور دیگر ثانوی داخلی راستوں کو محفوظ بنائیں۔
- فالتو چابیوں کو کسی محفوظ جگہ پر رکھیں (نہ کہ میٹ یا گملے کے نیچے)۔
- اپنی قیمتی اشیاء کو تمام داخلی راستوں سے دور رکھیں۔
- بلا چابی داخلی والے تالوں کے لیے اپنے پاس کوڈز کو صرف ان لوگوں کے ساتھ شیئر کریں، جن پر آپ بھروسہ کرتے ہیں۔

| سیلف چیک: | ہاں | نہیں |
| --- | --- | --- |
| کیا تمام دروازے اور کھڑکیاں کام کرنے والے لاکس کے ساتھ محفوظ ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا گیراج کے تمام دروازوں اور گیٹس کو لاک کردہ رکھا جاتا ہے، جب وہ زیر استعمال نہ ہوں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا فالتو چابیوں کو بحفاظت رکھا جاتا ہے (میٹس، گملوں یا لیجز کے نیچے نہیں)؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ کی گاڑی لاک کردہ ہے اور قیمتی اشیاء نظر سے دور ہیں؟ | ☐ | ☐ |

## اپنی دیکھ بھال دکھائیں

ایک گھر، جو دیکھ بھال کردہ ظاہر ہوتا ہے، ظاہر کرتا ہے کہ اس میں لوگ موجود ہیں اور توجہ رکھتے ہیں۔ یہ اس چیز کا ایک واضح پیغام بھیج کر جرائم کو کم کر سکتا ہے کہ املاک کو دیکھا جا رہا ہے اور قدر کی جاتی ہے۔

### آپ اسے لاگو کیسے کر سکتے ہیں:

- اپنی املاک کو صاف ستھرا اور اچھی طرح دیکھ بھال کردہ رکھیں۔
- ”کیمرے زیر استعمال“ جیسے سائنز اور دیگر مانع چیزیں لگائیں۔
- باڑوں، گیٹس یا صحنوں کی دیکھ بھال کریں۔
- علاقے کی صفائیوں میں شامل ہوں۔

| سیلف چیک: | ہاں | نہیں |
| --- | --- | --- |
| کیا آپ کا گھر یا یونٹ ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ وہاں کوئی رہتا ہے اور دیکھ بھال کی جاتی ہے؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ کی املاک صاف اور گندگی سے پاک ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا سیکورٹی کے سائنز یا واضح مانع اشیاع موجود ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا باڑیں، گیٹس یا چلنے کے راستے اچھی حالت میں ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ مشترکہ جگہوں کو صاف رکھنے میں شامل ہوتے ہیں؟ | ☐ | ☐ |

اگرچہ اپنے گھر اور املاک کو محفوظ بنانا جرائم کی روک تھام میں ایک اہم قدم ہے، حفاظت انفرادی گھروں سے آگے جاتی ہے۔ ایک محفوظ علاقہ وہ ہے، جہاں رہائشی ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہوں، مقامی تشویشات پر مل کر کام کرتے ہوں اور کمیونٹی کا ایک مضبوط احساس رکھتے ہوں۔

علاقے کے تعلقات کو مضبوط بنانا اور سماجی رابطوں کو بڑھانا جرائم کو روک سکتا ہے، محفوظ تر مشترکہ جگہیں بنا سکتا ہے اور دیکھ بھال اور ذمہ داری کے ایک ماحول کو فروغ دے سکتا ہے۔

## کمیونٹی کا جشن منائیں

ایک علاقہ، جو منفرد اور بامعنی محسوس ہوتا ہے، لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ اس کی دیکھ بھال کریں۔ مشترکہ کہانیاں، فنون اور ثقافت لوگوں کو اکٹھا کرتے ہیں اور ان کے رہنے کی جگہوں کے حوالے سے فخر پیدا کرتے ہیں۔

### آپ اسے لاگو کیسے کر سکتے ہیں:

- اپنے علاقے کی شناخت کا عوامی فنون یا ثقافتی تقریبات کے ساتھ جشن منائیں۔
- ایسی کہانیاں یا تاریخ شیئر کریں، جو لوگوں کو جگہ کے ساتھ جوڑیں۔
- ایسے پراجیکٹس کی حمایت کریں، جو آپ کی کمیونٹی کی طاقتوں کو نمایاں کرتے ہوں۔

### سیلف چیک:

| | ہاں | نہیں |
|---|---|---|
| کیا آپ کو اپنے علاقے پر فخر کا ایک احساس ہوتا ہے؟ | ☐ | ☐ |
| کیا ایسے طریقے ہیں، جن سے آپ کی کمیونٹی اپنی ثقافت یا تاریخ کا جشن مناتی ہے؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ شناخت کے اس احساس کو تعمیر کرنے یا مضبوط بنانے میں مدد کرنا چاہیں گے؟ | ☐ | ☐ |

ایک محفوظ اور مربوط علاقے کا حصہ ہونے کا مطلب یہ بھی ہے کہ ان چیزوں کے حوالے سے چوکنے رہیں، جو آپ کے اردگرد ہو رہی ہیں۔ مشکوک سرگرمی کو پہچاننے اور اس کی اطلاع دینے کے طریقوں کے متعلق جاننا ایک اور طریقہ ہے، جس سے آپ اپنی کمیونٹی کا تحفظ کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

## اپارٹمنٹ اور کونڈو کی حفاظت کے مشورے

### ذمہ داریاں:

- کرایہ کی عمارتوں میں، سیکورٹی کو عام طور پر بلڈنگ منیجر سنبھالتا ہے۔
- کینڈوز میں، آپ اپنی یونٹ کے لیے ذمہ دار ہوتے ہیں، جبکہ کینڈو کارپوریشن مشترکہ جگہوں کو منتظم کرتی ہے۔

### آپ کیا کر سکتے ہیں:

- اپنی عمارت کی سیکورٹی کی خصوصیات کے بارے میں جانیں۔
- اپنے پڑوسیوں کو جانیں! یہ ایک محفوظ تر کمیونٹی تشکیل دیتا ہے۔
- جب بھی باہر ہوں، تو ہمیشہ اپنے دروازوں اور بالکونی کو تالہ لگائیں۔
- صرف ان لوگوں کو عمارت میں آنے دیں، جنہیں آپ جانتے ہیں۔ مہمانوں کو یاددہانی کروائیں کہ وہ آتے ہوئے دروازے بند کریں۔

### اپنی عمارت کو درج ذیل طریقوں سے محفوظ رکھیں:

- کسی بھی قسم کے سیکورٹی مسائل کے متعلق اپنے منیجر یا مالک مکان کو اطلاع دینا۔
- ٹوٹے ہوئے تالوں، کھڑکیوں یا روشنیوں کی نشاندہی کرنا۔
- اگر آپ دور جا رہے ہوں یا کوئی کام کروا رہے ہوں، تو پڑوسیوں یا انتظامیہ کو آگاہ کرنا۔

### ایلیویٹر میں حفاظت:

- داخل ہونے سے پہلے چیک کریں کہ اندر کون ہے۔
- اگر کوئی شخص آپ کو غیر آرامدہ بناتا ہے، تو اگلے ایلیویٹر کا انتظار کریں۔
- اگر کوئی مشکوک شخص آپ کے بعد داخل ہوتا ہے، تو دروازوں کے بند ہونے سے پہلے نکل جائیں۔

## کس چیز پر نظر رکھنی ہے: مشکوک سرگرمی کی اطلاع دینا

ہر شخص کمیونٹی کو محفوظ رکھنے میں ایک کردار ادا کر سکتا ہے۔ اگر آپ کوئی ایسی چیز دیکھتے ہیں، جو درست نہیں معلوم ہوتی، تو اپنی جبلتوں پر بھروسا کریں اور اس کی اطلاع دیں۔

### مشکوک سرگرمی کی مثالیں:

- ناواقف گاڑیوں کا طویل وقت کے لیے پارک شدہ ہونا یا آپ کے علاقے کے گرد مسلسل گھومنا۔
- نامعلوم افراد کا آپ یا آپ کے پڑوسیوں کی املاک میں داخل ہونے کی کوشش کرنا، خصوصًا دروازوں یا کھڑکیوں کے قریب سے۔
- شناخت کے بغیر دروازوں پر جانے والے عرض گزار۔
- کسی پڑوسی کے گھر سے املاک کو ہٹانے والے ناواقف افراد۔
- پیٹنے کی اونچی آوازیں یا کانچ ٹوٹنا۔
- جینخیں یا مدد کی پکاریں۔
- گاڑیوں کے پرزوں، گیس ٹینکس یا لائسنس پلیٹس کے ساتھ چھیڑ خانی۔

### کیا کرنا ہے:

- اگر محفوظ ہو، تو لائسنس پلیٹ نمبرز یا تفصیلات لکھ لیں۔
- کسی بھی شخص کا براہ راست مقابلہ نہ کریں۔
- مشکوک سرگرمی کے متعلق اطلاع دینے کے لیے پیل ریجنل پولیس کی غیر ہنگامی لائن کو 905.453.3311 پر کال کریں۔
- معلومات شیئر کرنے کے لیے اپنے علاقے کا کوئی سوشل میڈیا گروپ یا صفحہ بنائیں۔ اگر علاقے کا کوئی سوشل میڈیا گروپ بنا ہوا ہے یا اس میں شامل ہو رہے ہوں، تو پرائیویسی کو مدنظر رکھیں اور رضامندی کے بغیر ذاتی یا حساس معلومات شیئر کرنے سے گریز کریں۔

کوئی بھی شخص آپ کے علاقے کو آپ سے بہتر نہیں جانتا۔ آپ کی کال میں شاید وہ معلومات ہو سکتی ہیں، جو کسی جرم کو روکنے یا حل کرنے میں مدد کر سکیں۔ اگر شک میں ہوں، تو پولیس کو کال کریں۔

اگر آپ اس حوالے سے غیر یقینی کے شکار ہیں کہ کسی خدشے کا ردعمل کیسے دینا ہے یا مقامی حفاظتی کوششوں میں زیادہ شامل ہونا چاہتے ہیں، تو کئی معاونتیں دستیاب ہیں۔ اگلا حصہ ان کچھ وسائل کو بیان کرتا ہے، جو جرائم کی روک تھام، حفاظت کے متعلق تعلیم اور کمیونٹی کی شمولیت کے حوالے سے رہائشیوں کو برامپٹن میں دستیاب ہیں



# حصہ 2: علاقے کی حفاظت کو مضبوط بنانا

کمیونٹی کی شمولیت مضبوط، لچکدار اور متنوع علاقوں کو تشکیل دینے میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ حفاظت کے لیے ایک جامع طریقہ کار میں نہ صرف جرائم کی روک تھام، بلکہ تعلقات کو مضبوط کرنا، مشترکہ شناخت کا ایک احساس بنانا، مربوط رہنا اور ایک دوسرے کا خیال رکھنا بھی شامل ہوتا ہے۔

## ایک ساتھ مضبوط تر

جب پڑوسی ایک ساتھ جمع ہوتے ہیں اور تجربات شریک کرتے ہیں، تو یہ رابطے اور اعتماد کا ایک احساس پیدا کرتا ہے۔ کمیونٹی کی سرگرمیوں سے لوگ خوش آمدید کردہ محسوس کرتے ہیں اور یہ عوامی جگہوں کی ایک مشترکہ ملکیت بناتا ہے۔

### آپ اسے لاگو کیسے کر سکتے ہیں:

- گلی کی ایک پارٹی، باربی کیو یا ثقافتی جشن کو منعقد کریں۔
- کمیونٹی کی صفائی یا خوبصورت بنانے کے ایک پراجیکٹ کا منصوبہ بنائیں۔
- گھر سے باہر ایک مووی نائیٹ یا مہارتیں شیئر کرنے کی ورک شاپس کی میزبانی کریں۔

### سیلف چیک:

| | ہاں | نہیں |
|---|---|---|
| کیا آپ نے حالیہ طور پر اپنے علاقے میں کسی کمیونٹی سرگرمی میں شرکت کی ہے یا کو منعقد کیا ہے؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ کے علاقے میں مشترکہ جگہیں ہیں، جنہیں اجتماعات کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہو؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ نے کبھی ہمسائیوں کو کسی کمیونٹی تقریب یا اجتماع میں مدعو کیا ہے؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ کا علاقے کا کوئی سوشل میڈیا گروپ یا صفحہ ہے، تاکہ علاقے کی خبریں شیئر کی جا سکیں؟ | ☐ | ☐ |

## توازن رکھنا

محفوظ، فعال اور خوش آمدید کن محسوس ہونے والی عوامی جگہیں لوگوں کو وہاں وقت گزارنے کے حوالے سے آرام دہ محسوس کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ یہ آپ کے علاقے میں حفاظت اور تعلق کا ایک مضبوط تر احساس بناتا ہے۔

### آپ اسے لاگو کیسے کر سکتے ہیں:

- پارکس، ٹریلز اور جمع ہونے کی جگہوں کو کثرت سے استعمال کریں۔
- اپنے سٹی یا مقامی گروپ کے ساتھ خیالات شیئر کریں، تاکہ کم استعمال ہونے والی جگہوں کو بہتر بنایا جا سکے۔
- کمیونٹی کی جگہوں کے مثبت استعمال کی حوصلہ افزائی کریں، تاکہ انہیں فعال اور خوشگوار رکھا جا سکے۔
- کسی بھی قسم کے مسائل، جیسا کہ ٹوٹی ہوئی سٹریٹ لائٹس، کے متعلق 311 کو اطلاع دیں۔

### سیلف چیک:

| | ہاں | نہیں |
|---|---|---|
| کیا آپ کے قریب کوئی مشترکہ جگہیں ہیں، جہاں آپ خوش آمدید کردہ اور محفوظ محسوس کرتے ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ کا علاقہ ایک ایسے طریقے سے بنایا گیا ہے، جو لوگوں کی جمع ہونے کی حوصلہ افزائی کرتا ہو؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ کے پاس مقامی جگہوں کو زیادہ خوش آمدید کن بنانے میں مدد دینے کے لیے مشورے ہیں؟ | ☐ | ☐ |

## مربوط رہیں

معلومات شیئر کرنا اور ایک دوسرے کا خیال رکھنا ایک مربوط اور مضبوط تر کمیونٹی تشکیل دیتا ہے۔ یہ ہر شخص کو محفوظ رکھنے میں مدد دیتا ہے اور تعلق کا احساس بڑھاتا ہے۔ مضبوط رابطے جرائم کو روکنے میں مدد دیتے ہیں اور اپنی کمیونٹی میں اعتماد پیدا کرتے ہیں۔

### آپ اسے لاگو کیسے کر سکتے ہیں:

- اپنے پڑوسیوں سے اپنا تعارف کروائیں، ایک سادہ ہیلو سے شروع کریں۔
- علاقے کا ایک واٹس ایپ یا دیگر کوئی سوشل میڈیا گروپ شروع کریں۔
- علاقے کی ایک تنظیم میں شامل ہوں یا شروع کریں۔
- حفاظتی خدشات یا مشکوک سرگرمی کے متعلق اپنے ہمسائیوں یا مقامی حکام کے ساتھ خبریں شیئر کریں۔
- سٹی آف برامپٹن کے دفتر برائے کمیونٹی کی حفاظت و بہبود جیسی تنظیموں کے ساتھ مربوط ہوں۔

### سیلف چیک:

| | ہاں | نہیں |
|---|---|---|
| کیا آپ مقامی حفاظتی معلومات سے باخبر رہتے ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ اپنے علاقے کے اندر کسی کمیونٹی گروپ یا نیٹ ورک کے ساتھ مربوط ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ جانتے ہیں کہ کیسے کسی مشکوک سرگرمی کی اطلاع دینی ہے یا مقامی خدمات سے مدد حاصل کرنی ہے؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ اپنے قریب موجود پڑوسیوں کے نام اور پتے جانتے ہیں؟ | ☐ | ☐ |
| کیا آپ کے پاس ضرورت پڑنے پر اپنے ہمسائیوں کے ساتھ رابطہ کرنے کا کوئی طریقہ ہے؟ | ☐ | ☐ |

## کمیونٹی وسائل

### کرائم پریوینشن اکیڈمی

کرائم پریوینشن اکیڈمی پیل ریجنل پولیس کی جانب سے پیشکش کیا جانے والا پانچ ہفتوں کا ایک کورس ہے، جو رہائشیوں کو جرائم کی روک تھام، گاڑی کی حفاظت، گھر کی سیکورٹی، ذاتی حفاظت اور فراڈ کی روک تھام کی بنیادی چیزیں سیکھنے کے قابل بناتا ہے۔ اضافی معلومات کے لیے www. peelpolice.ca پر جائیں۔

### رہائشی سیکورٹی کے آڈٹس

رہائشی سیکورٹی کے آڈٹس پیل ریجنل پولیس کے ذریعے دستیاب ہیں۔ ایک آڈٹ رکھوانے کے لیے، اپنے مقامی کمیونٹی لائیزان آفیسر سے رابطہ کریں۔اس حوالے سے مزید معلومات جاننے کے لیے www.peelpolice.ca پر جائیں۔

### ٹریس پروگرام

ٹریس پروگرام کو اونٹاریو ایسوسیئشن آف چیفز آف پولیس (OACP) کی جانب سے تائید حاصل ہے۔ افراد اپنی املاک کو نشان زدہ کرنے کے لیے کسی مقامی ریٹیلر سے یا آن لائن ایک ٹریس پین خرید سکتے ہیں۔

### علاقے کے ٹولز

پڑوسیوں کی تنظیمیں: پڑوسیوں کی تنظیمیں رہائشیوں کے زیر قیادت گروپس ہوتے ہیں، جو لوگوں کو ان کی کمیونٹی کی بہتری کے لیے اکٹھا کرتے ہیں۔ ایک منسلکہ پڑوسیوں کی تنظیم بن کر، آپ کا گروپ سٹی آف برامپٹن سے معاونت تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔

علاقوں کی حفاظت کے آڈٹس: علاقوں کے آڈٹس رہائشیوں کے لیے اپنی کمیونٹی کے مختلف پہلوؤں اور علاقے کی مجموعی حالت اور احساس کو دیکھنے اور ان کا جائزہ لینے کا ایک طریقہ ہیں۔ حفاظت کے آڈٹس مقامی چیلنجز اور مواقع کی شناخت کرنے میں مدد دے سکتے ہیں اور کمیونٹی پر مبنی حل کے لیے خیالات کو جنم دے سکتے ہیں۔ ایک آڈٹ میں شرکت کرنا آوازوں کو اکٹھا کرنے اور اپنے علاقے کی ملکیت کے احساس کو مضبوط کرنے میں مدد دیتا ہے۔

اثاثوں کی نقشہ سازی (جیو ہب علاقوں کی پروفالز): 2023 میں آغاز کردہ، برامپٹن کی جیو ہب علاقوں کی پروفالز ایک آن لائن ٹول ہیں، جو رہائشیوں کو اپنے علاقوں کی منفرد خصوصیات اور طاقتوں کو دیکھنے کے قابل بناتا ہے۔ آپ مقامی پارکس، اسکول، کمیونٹی کی جگہوں اور مزید کو ایک ہی جگہ پر پا سکتے ہیں۔ اثاثوں کی نقشہ سازی لوگوں کو ان کے اردگرد موجود وسائل کے متعلق سیکھنے اور حفاظت اور بہبود کو بہتر بنانے میں شامل ہونے کے طریقے تلاش کرنے میں مدد دیتی ہے۔

ان اقدامات کے متعلق مزید معلومات کے لیے، /brampton.ca communitysafety پر جائیں۔

### اطلاع دینا

پیل ریجنل پولیس کی غیر ہنگامی لائن (905.453.3311): ایسی غیر ہنگامی چیزوں کی اطلاع دینے کے لیے اس نمبر کو استعمال کریں، جن کے لیے پھر بھی پولیس کی جانب سے تحقیق کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

311 پر کال کریں یا رابطہ کریں: پولیس کے علاوہ ایسے مسائل کی اطلاع دینے کے لیے 311 پر کال کریں، جن سے علاقے کی حفاظت یا دیکھ بھال متاثر ہوتی ہو، بشمول ٹوٹی ہوئی سٹریٹ لائٹس، ٹریفک سگنلز، نقصان زدہ یا غیر موجود سائنز، کچرا یا غیر قانونی طور پر پھینکا ہوا کوڑا اور غیر محفوظ سائیڈ واکس، پارکس یا عوامی جگہیں۔

### ہنگامی حالات

اگر کوئی جرم انجام دیا جا رہا ہو یا افراد یا املاک کی حفاظت کو کوئی فوری خطرہ لاحق ہو، تو 911 کو کال کریں۔ اگر آپ اپنے گھر یا املاک میں جاتے ہیں اور آپ کو شک ہے کہ کوئی اندر گھسا ہوا ہے، تو اپنے گھر میں داخل نہ ہوں، کیونکہ مرتکب شخص ابھی بھی اندر موجود ہو سکتا ہے۔ باہر رہیں اور 911 کو فوراً کال کریں۔

گھسنے کے واقعات کا امکان اس وقت زیادہ ہوتا ہے، جب رہائشی دور ہوں۔ دروازے پر تمام دستکوں کا جواب بند دروازے سے بات کر کے دیں، ماسوائے یہ کہ آپ اس شخص کو پہچانتے ہوں۔ اگر دروازے والا ایک کیمرہ استعمال کر رہے ہوں، تو یہ نہ کہیں کہ آپ گھر پر نہیں۔

### کرائم اسٹاپرز

کرائم اسٹاپرز عوام، پولیس اور میڈیا کے درمیان ایک شراکت داری ہے، جو کمیونٹی کو جرائم کو حل کرنے میں گمنام طریقے سے مدد دینے کے لیے ایک فعال پروگرام فراہم کرتی ہے۔ کرائم سٹاپرز شہریوں کے لیے معلومات کو بحفاظت شیئر کرنے کا ایک ٹول ہے۔ دن یا رات، کسی بھی وقت (8477) 1.800.222.TIPSپر کال کریں یا www.peelcrimestoppers.ca پر آن لائن اطلاع جمع کروائیں۔ جبکہ اطلاعات کو گمنام طریقے سے قبول کیا جاتا ہے، براہ کرم نوٹ کریں کہ مخصوص قانونی حالات میں، ہو سکتا ہے کہ قانون کے تحت گمنامی ضمانت شدہ نہ ہو۔

قدم اٹھانا اس وقت آسان تر ہوتا ہے، جب آپ کے پاس درست ٹولز ہوں۔ گھر پر اور علاقے میں آپ کی کوششوں میں معاونت فراہم کرنے کے لیے، درج ذیل ضمیمہ جات میں پرنٹ کرنے کے قابل چیک لسٹس اور ایسے وسائل شامل ہیں، جنہیں آپ پورا سال استعمال کر سکتے ہیں۔

یہ ٹولز کو آپ کو منظم رہنے، اپنی املاک کے گرد حفاظت کی نگرانی کرنے اور اپنے اردگرد موجود لوگوں کے ساتھ مضبوط تر تعلقات بنانے میں آپ کو مدد دینے کے لیے تیار کردہ ہیں۔

سٹی آف برامپٹن اس رہنماء میں درج شدہ کسی بھی مخصوص کمیونٹی پروگرام یا سروس کی تائید نہیں کرتا اور نہ ہی ذمہ داری اٹھاتا ہے۔ براہ کرم تمام پروگراموں کا آزادانہ طور پر جائزہ لیں اور یقینی بنائیں کہ وہ آپ کی ضروریات پر پورے اترتے ہوں۔



## گھر کی حفاظت کی روزانہ، ہفتہ وار اور موسمیاتی یاددہانیاں

اپنے گھر کے حفاظتی معمولات کو درست راستے پر رکھنے کے لیے اس چیک لسٹ کو استعمال کریں۔ اسے پرنٹ کر کے اپنے گھر میں کسی واضح جگہ پر آویزاں کریں۔

### روزانہ کی یاددہانیاں:

- تمام دروازوں اور کھڑکیوں کو تالے لگا کر رکھیں، بیشک اگر آپ گھر پر ہوں۔
- بیرونی روشنیوں کو غروب آفتاب کے وقت روشن کر دیں یا خودکار ٹائمرز استعمال کریں۔
- داخلی راستوں اور چلنے کے راستوں کو خالی رکھیں۔
- پیکجز، ٹولز اور قیمتی اشیاء کو نظر سے دور ذخیرہ کریں۔
- کسی بھی ڈیلوری یا پیکج کو فوراً اٹھا لیں۔
- اپنی املاک کے اردگرد کسی بھی غیر معمولی حیز کی موجودگی کے لیے چیک کریں۔

### عمومی یاددہانیاں:

- دروازوں اور کھڑکیوں کے تالوں کو ٹیسٹ کریں۔
- بیرونی روشنیوں کو چیک کریں اور اگر ضرورت ہو، تو بلب تبدیل کریں۔
- حد سے بڑھی ہوئی جھاڑیوں اور کم اونچائی پر لٹکنے والی ٹہنیوں کو تراشیں۔
- اپنے ہنگامی رابطوں کی فہرست پر نظرثانی کریں۔
- اپنے گھر کے گرد چلیں اور کسی قسم کے حفاظتی مسائل کو نوٹ کریں۔

### موسمیاتی یاددہانیاں:

ان موسمیاتی یاددہانیوں کے ذریعے پورا سال اپنے حفاظتی افعال کو ایڈجسٹ کرتے رہیں:

#### موسم بہار

- بچے ہوئے ملبے کو صاف کریں اور باڑوں یا گیٹس کا نقصان کے لیے معائنہ کریں۔
- روشنیوں کو تازہ کریں اور درختوں اور جھاڑیوں سے نئی بڑھوتری کو تراشیں۔
- موسم سرما کے بعد اپنے گھر کے حفاظتی اقدامات کی نظرثانی کریں۔

#### موسم خزاں

- بلاک کردہ چلنے کے راستوں یا چھپنے کی جگہوں سے گریز کرنے کے لیے پتوں کو جمع کریں۔
- دن کی روشنی کے اوقات کے کم ہونے کے ساتھ روشنیوں کو چیک کریں۔
- موسم سرما کی تیاری میں تالوں، گٹرز اور کیمروں کا معائنہ کریں۔

#### موسم گرما

- کھڑکیوں کو محفوظ رکھیں، بیشک حب ہوا کے گزر کے لیے کھلی ہوں۔
- نظر کی واضح لائنوں کے لیے باقاعدگی سے لینڈسکیپنگ کو برقرار رکھیں۔
- چھٹیوں کے دورانیوں میں ہوشیار رہیں، اپنے گھر پر نظر رکھنے کے لیے ٹائمرز استعمال کرنے یا کسی پڑوسی سے درخواست کرنے پر غور کریں۔

#### موسم سرما

- چلنے کے راستوں، داخلی راستوں اور گھر کے نمبرز کو برف سے آزاد رکھیں۔
- یقینی بنائیں کہ برف یا انجماد سے روشنی نہ رکتی ہو۔
- ہنگامی اشیاء اور رابطہ نمبرز کو تازہ ترین رکھیں۔
- اگر آپ چھٹیوں کے دوران دور رہیں گے، تو اپنے پڑوسیوں سے اپنی ڈاک وصول کرنے کا کہیں۔





## CPTED گھر کے آڈٹ کی چیک لسٹ

املاک کے جرائم اکثر موقع کے جرائم ہوتے ہیں۔ کرائم پریوینشن تھرو انوائرنمنٹل ڈیزائن (CPTED) ایک ثابت شدہ طریقہ کار ہے، جو مادی ماحول میں تبدیلیاں لا کر اور کمیونٹی رابطے مضبوط تر بنا کر جرائم اور جرائم کے خوف کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

ذاتی آڈٹ کی یہ چیک لسٹ نظرثانی کرنے کے لیے کلیدی شعبہ جات کو نمایاں کر کے آپ کو اپنی املاک کی حفاظت اور سیکورٹی کا جائزہ لینے میں مدد دیتی ہے۔ ممکنہ خطرات کی شناخت کر کے اور چھوٹی بہتریاں لا کر، آپ اپنے گھر کی سیکورٹی کو بہتر بنا سکتے ہیں اور ایک محفوظ تر اور زیادہ طاقتور علاقے کی تشکیل میں کردار ادا کر سکتے ہیں۔

| **دیکھیں اور نظر آئیں** | **ہاں** | **نہیں** | **ناقابل اطلاق** |
|---|---|---|---|
| درختوں اور جھاڑیوں کو تراشا جائے، تاکہ کھڑکیوں یا داخلی راستوں کے قریب چھپنے کی کوئی جگہیں موجود نہیں ہیں۔ | | | |
| بیرونی جگہیں (صحن، ڈرائیو وے، داخلی راستے) رات کو اچھی طرح روشن ہیں۔ | | | |
| تمام بیرونی دروازوں کے اوپر یا قریب کام کرنے والی روشنیاں موجود ہیں۔ | | | |
| بیرونی روشنیاں شام کو روشن ہوتی ہیں، بے شک اگر کوئی بھی گھر پر موجود نہ ہو۔ | | | |
| روشنیوں کو غروب آفتاب کے وقت پر روشن ہونے کے لیے سیٹ کیا گیا ہے یا ٹائمرز/حرکت کے سینسرز استعمال کیے جاتے ہیں۔ | | | |
| گھر یا یونٹ نمبر سڑک سے واضح طور پر نظر آتا ہے۔ | | | |

| **راستوں اور حدود کو صاف کریں** | **ہاں** | **نہیں** | **ناقابل اطلاق** |
|---|---|---|---|
| سڑک یا ہمسائے کے گھروں سے تمام دروازوں اور کھڑکیوں کے واضح نظارے موجود ہیں۔ | | | |
| داخلی راستوں کو کام کرنے والے تالوں کے ساتھ محفوظ بنایا گیا ہے۔ | | | |
| گیٹس اور شیڈز کو زیر استعمال نہ ہونے کے دوران تالے لگا کر رکھا جاتا ہے۔ | | | |
| سلائیڈ کرنے والے دروازے محفوظ ہیں اور ان پر کام کرنے والے تالے یا اضافی بارز ہیں۔ | | | |

| **اپنی دیکھ بھال کا اظہار کریں** | **ہاں** | **نہیں** | **ناقابل اطلاق** |
|---|---|---|---|
| میری املاک سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہاں کوئی رہتا ہے اور دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ | | | |
| بیرونی جگہیں صاف ستھری اور ملبے یا گندگی سے پاک ہیں۔ | | | |
| باڑیں، گیٹس اور چلنے کے راستے اچھی حالت میں ہیں۔ | | | |
| سیکورٹی کے سائنز (مثلاً "CCTV زیر استعمال") واضح ہیں۔ | | | |

| **اپنی املاک کو محفوظ بنائیں** | **ہاں** | **نہیں** | **ناقابل اطلاق** |
|---|---|---|---|
| میری املاک پر ایک الارم سسٹم موجود ہے۔ | | | |
| گاڑیاں لاک شدہ ہیں اور ان میں قیمتی اشیاء موجود نہیں (بے شک اگر ایک گیراج میں پارک شدہ ہوں)۔ | | | |
| قیمتی اشیاء کو دروازوں اور کھڑکیوں کی نظر سے دور رکھا گیا ہے۔ | | | |

| **مربوط رہیں** | **ہاں** | **نہیں** | **ناقابل اطلاق** |
|---|---|---|---|
| میری اپنے پڑوسیوں سے واقفیت ہے اور ان سے بات چیت ہوتی رہتی ہے۔ | | | |
| میں علاقے کی تنظیم، نیٹ ورک یا رابطے کی فہرست کا حصہ ہوں۔ | | | |

| **نوٹس:** |
|---|
| |

### ہم آپ کی بات سننا چاہتے ہیں!

اس چیک لسٹ کو لاگو کرنے میں معاونت یا نتائج یا اگلے مراحل پر بات چیت کرنے کے لیے، ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے کہ آپ اپنے کمیونٹی سیفٹی کوآرڈینیٹر سے CSWO@brampton.ca پر رابطہ کریں یا brampton.ca/communitysafety پر ایک ورچوئل ملاقات بُک کریں۔

مقامی پولیس سے رابطے یا پولیس کو غیر ہنگامی طور پر بلانے کے لیے 905.453.3311 پر کال کریں یا ہنگامی حالت میں 911 پر کال کریں۔

**اعلامیہ:** اس رہنماء کتابچے میں فراہم کردہ تجاویز صرف معلومات مقاصد کے لیے ہیں اور قانونی مشورے کی حیثیت نہیں رکھتیں۔ کارپوریشن آف سٹی آف برامپٹن اور اس کے شراکت دار اس رہنماء کتابچے میں فراہم کردہ تجاویز کے استعمال کے نتیجے میں کسی بھی نقصان یا ضرر کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔



# اپنے ہمسائیوں کے ساتھ مربوط رہنے کے لیے اس فون ٹری کو استعمال کریں۔

رباطہ تفصیلات دستیاب ہونا ضرورت پڑنے پر رابطے کرنے کو آسان تر بناتا ہے، بے شک ایسا حفاظتی خدشات کے لیے ہو یا صرف خیریت دریافت کرنے کے لیے۔ اپنے بالکل قریب موجود پڑوسیوں کے نام، پتے اور فون نمبر درج کریں، تاکہ آپ خیریت دریافت کر سکیں، اہم خبریں شیئر کر سکیں یا ضرورت پڑنے پر مدد کی پیشکش کر سکیں۔ اسے اپنے گھر میں کسی واضح جگہ پر آویزاں کریں اور اسے تازہ ترین رکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| پڑوسی:<br>پتہ:<br>فون نمبر: | پڑوسی:<br>پتہ:<br>فون نمبر: | پڑوسی:<br>پتہ:<br>فون نمبر: |
| پڑوسی:<br>پتہ:<br>فون نمبر: | یہ میری رہائش ہے۔ | پڑوسی:<br>پتہ:<br>فون نمبر: |
| پڑوسی:<br>پتہ:<br>فون نمبر: | پڑوسی:<br>پتہ:<br>فون نمبر: | پڑوسی:<br>پتہ:<br>فون نمبر: |



# ہنگامی رابطے

**اپنے ہنگامی رابطوں کے متعلق معلومات بھرنے کے لیے اس صفحے کو استعمال کریں۔**

## میرے متعلق

نام:

پتہ:

فون نمبر:

الرجیان:

## ہنگامی رابطے:

نام:

تعلق:

فون نمبر:

الرجیان:

نام:

تعلق:

فون نمبر:

الرجیان:

نام:

تعلق:

فون نمبر:

الرجیان:



# ہنگامی رابطے

**اپنے ہنگامی رابطوں کے متعلق معلومات بھرنے کے لیے اس صفحے کو استعمال کریں۔**

## میرے متعلق

نام:

پتہ:

فون نمبر:

الرجیاں:

## ہنگامی رابطے:

نام:

تعلق:

فون نمبر:

الرجیاں:

نام:

تعلق:

فون نمبر:

الرجیاں:

نام:

تعلق:

فون نمبر:

الرجیاں:



# اہم فون نمبرز

**فوری خطرے، زیر عمل جرائم یا ہنگامی حالت کے لیے، 1-1-9 ڈائل کریں۔**

| | |
|---|---|
| **سٹی آف برامپٹن:** | 3-1-1<br>905.874.2000 (شہر کی حدود سے باہر) |
| **برامپٹن سِوک ہاسپٹل:** | 905.494.2120 |
| **برامپٹن فائر (غیر ہنگامی):** | 905-874-2700 |
| **ہیلتھ کنیکٹ اونٹاریو** | 24/7 معاونت کے لیے 1-1-8 ڈائل کریں |
| **اونٹاریو پوائزن سینٹر:** | (1-844-POISON-X) 1.844.764.7669 |
| **پیل کرائم اسٹاپرز:** | 1.800.222.TIPS (8477) |
| **پیل میموریئل سینٹر فار انٹیگریٹڈ ہیلتھ اینڈ ویلنیس:** | 905.494.2120 |
| **پیل آؤٹ ریچ سٹریٹ ہیلپ لائن:** | 1.877.848.8481 |
| **پیل ریجنل پولیس (غیر ہنگامی):** | 905.453.3311 |
| **ریجن آف پیل:** | 905.791.7800 |
| **سوئیسائیڈ کرائسس ہیلپ لائن:** | 24/7 معاونت کے لیے 8-8-9 ڈائل کریں |
| **وِکٹم سروسز آف پیل:** | 905.568.1068 |
| **211 سینٹرل:** | اونٹاریو میں مقامی کمیونٹی، سماجی، طبی اور حکومتی خدمات کے لیے 1-1-2 ڈائل کریں۔ |



# حکومتی ذمہ داریاں

**سٹی آف برامپٹن رہائشیوں کے لیے خدمات فراہم کرنے والے چار حکومتی درجات میں سے ایک ہے۔ حکومت کے ہر درجے کی جانب سے فراہم کردہ خدمات کے متعلق جاننے کے لیے ذیل میں موجود فہرست دیکھیں۔**

## مقامی بلدیاتی حکومت

**(سٹی آف برامپٹن)**
سٹی آف برامپٹن کی ذمہ داریاں

- فنون، ثقافت اور سیاحت
- ضمنی قوانین کا نفاذ
- اقتصادی ترقی
- فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز
- مقامی سڑکیں
- پارکس اور تفریح
- صوبائی جرائم پر کارروائی
- نئی کمیونٹیوں تعمیرات کی منصوبہ بندی کرنا اور موجودہ علاقوں کو بہتر بنانا
- عوامی نقل و حمل
- برف ہٹانا
- ٹیکس جمع کرنا

## مقامی علاقائی حکومت

**(ریجن آف پیل)**
ریجن آف پیل کی ذمہ داریاں

- ایمبولنس کی خدمات
- رہائش کی خدمات
- پولیس کی خدمات
- عوامی صحت
- علاقائی سڑکیں
- سماجی خدمات
- کوڑہ کرکٹ جمع کرنا اور ری سائیکل کرنا
- پانی اور فاضل پانی

## صوبائی حکومت

**(صوبہ اونٹاریو)**
صوبہ اونٹاریو کی ذمہ داریاں

- انصاف کی فراہمی
- ثقافت اور سیاحت
- تعلیم، بشمول بعد از ثانوی ادارے
- ہائی ویز
- ہسپتال
- قدرتی وسائل اور ماحول
- قید خانے
- اونٹاریو میں املاک کے اور شہری حقوق
- سماجی خدمات

## وفاقی حکومت

**(حکومت کینیڈا)**
حکومت کینیڈا کی ذمہ داریاں

- مردم شماری
- شہریت
- کاپی رائٹ
- فوجداری قانون
- ملازمت کی انشورنس
- خارجہ پالیسی
- رقم اور بینکاری
- قومی دفاع
- ڈاک خانہ
- تجارت اور کاروبار کی ضابطہ کاری

# ہم سے رابطہ کریں

سٹی آپ برامپٹن کے کمیونٹی سیفٹی اینڈ ویل بیئنگ آفس کے متعلق مزید جاننے کے لیے، **brampton.ca/communitysafety** ملاحظہ کریں



# الفاظ کی تلاش

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| J | U | T | S | X | X | J | M | X | S | N | L | W | S | T | G | X | L | T | D |
| A | W | P | I | Y | K | N | T | V | E | E | Z | K | A | D | K | Y | N | H | Y |
| C | E | J | K | M | N | Z | V | I | V | X | T | T | F | Y | E | R | O | N | A |
| W | R | N | K | H | G | P | G | E | Q | F | R | C | E | Q | L | S | V | Q | Q |
| E | B | I | K | J | K | H | N | W | P | K | H | O | T | H | H | Z | O | X | Y |
| L | Z | C | M | Q | B | T | T | R | U | S | T | N | Y | A | O | L | X | O | O |
| C | V | A | R | O | S | Z | C | O | E | S | X | N | R | H | I | J | R | E | E |
| O | Y | I | U | K | H | J | Y | L | C | V | N | E | H | G | C | U | E | I | B |
| M | R | R | S | C | L | E | A | N | U | P | D | C | H | H | G | N | N | S | Z |
| E | R | R | K | I | N | B | V | O | O | S | P | T | B | W | J | O | C | R | J |
| S | O | J | A | D | B | W | D | E | O | V | I | I | I | K | J | O | Z | E | A |
| Y | Y | J | L | L | E | I | X | E | F | N | C | O | R | I | M | H | N | S | R |
| V | U | A | X | Q | V | G | L | X | G | L | S | N | G | M | A | V | K | I | Q |
| R | B | O | U | N | D | A | R | I | E | S | E | D | U | C | W | F | U | L | U |
| T | B | M | Y | H | Q | V | M | E | T | P | Y | N | P | N | U | C | J | I | M |
| M | P | R | O | P | E | R | T | Y | R | Y | I | T | A | O | O | J | T | E | I |
| A | W | A | R | E | N | E | S | S | P | T | E | B | S | B | B | Y | Y | N | J |
| T | O | G | E | T | H | E | R | K | Y | D | U | A | P | K | M | M | S | T | P |
| V | P | W | C | S | U | R | V | E | I | L | L | A | N | C | E | I | R | O | A |
| S | S | K | K | G | A | T | H | E | R | I | N | G | K | P | V | U | W | J | R |

Community
Connection
Visibility
Lighting
Neighbour

Gathering
Cleanup
Property
Safety
Trust

Boundaries
Welcome
Resilient
Shared
Events

Surveillance
Awareness
Together



# رنگ بھرنے کا صفحہ



**CSWO کی ویب سائٹ پر ظاہر کیے جانے کے ایک موقع کے لیے اپنے رنگ بھرنے کے صفحے CSWO@brampton.ca پر جمع کروائیں۔**



COMMUNITY SAFETY & WELL-BEING

BRAMPTON


**کمیونٹی سیفٹی اینڈ ویل بیئنگ آفس**

Wellington Street West 2
Brampton, ON L6Y 4R2

**CSWO@brampton.ca**
**www.brampton.ca/communitysafety**


مانگے جانے پر متبادل فارمیٹ دستیاب ہیں۔ درخواست کرنے کے لیے
accessibility@brampton.ca پر ای میل کریں۔

25-3032